08/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے .

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

خواتین بین الاقوامی

آج خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ اس سال کا موضوع ہے ”For All Women and Girls: Rights. Equality. Empowerment “ . اس موقعہ پر ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں . صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نئی دہلی کے وِگیان بھون میں ایک کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔وزیر اعظم نریندر مودی گجرات میں ’لکھپتی دیدی سمیلن‘ میں شرکت کریں گے .

اس دن کی مناسبت سے آکاشوانی سے آج پورے دن نشر ہونے والے ہندی اور انگریزی خبروں کے قومی بلیٹن خواتین نیوز ریڈرس پیش کریں گی .

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعہ پر لوگوں بالخصوص خواتین کو مبارک باد پیش کی ہے .

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں فوج کی چنار کور نے مختلف شعبوں میں خواتین کے رول کی سراہنا کی ہے .

بجٹ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جن کے پاس محکمہ خزانے کا قلمدان بھی ہے نے کل قانون ساز اسمبلی میں مالی سال 2025-26 کے لئے ایک لاکھ 12 ہزارکروڑ سے زیادہ روپے کی مالیت کا بجٹ پیش کیا .

اپنی بجٹ تقریر میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بجٹ میں معیشت کی بحالی ، عوامی فلاح و بہبود ، سیاحت ، زراعت اور صنعتی ترقی پر توجہ مرکوز کی گئی ہے .

رد عمل

بجٹ کے بارے میں سیاسی جماعتوں ، اقتصادی ماہرین اور عام لوگوں نے ملے جلے رد عمل کا اظہار کیا ہے۔

کے سیکریٹری جنرل KCCI کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے بجٹ کا خیر مقدم کیا ہے ۔ فیض احمد بخشی کا کہنا ہے۔

---Faiz Bakhshi)----

کشمیر ویلی فروٹ گروورس اور ڈیلرس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے بجٹ کے بارے میں اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ۔

--Bashir Ah Bashir---

ٹراول ایجنٹس ایسو سی ایشن آف کشمیر کے صدر روف ترنمبو نے بجٹ کے بارے میناآکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

--(Rouf Trambo)--

معروف صنعت کار اور فیڈریشن چیمبر آف انڈسٹریز کشمیر کے سابق صدر سید شکیل قلندر نے بجٹ کے بارے میں کہا۔

--Shakeel Qalander--

LG ملاقات

راج بھون جموں میں یفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے کئی وفود ملاقی ہوئے ۔ جنتا دل یونائیٹڈ پارٹیجموں و کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پارٹی کے سینئر یڈر امت کپور اور فاروق احمد کے ہمراہ ملاقات کے دوران جموں و کشمیر کی موجودہ صورتحال پر ایل جی سے تباد ہ خیال کیا اور کئی معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔

دریں اثناءنیشنل سروس اسکیم کے رضاکاروں نے بھی یفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی ۔ایل جی نے یوم جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کے ئے انہیں مبارکباد پیش کی۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈو نے سوچھ بھارت مشن-اربن کے تحت پروجیکٹوں کا متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جائزہ یا ۔ انہوں نے 2035 تک پیدا ہونے وا ے کچرے کو ٹھکانے گانے کے ئے مجوزہ اقدامات کا جائزہ یا۔

پو□یس

جموں و کشمیر پو□یس کے ایک جدید شہریوں پر مرکوز پلیٹ فارم پو□یس سنوائی کا مقصد شہریوں کو دن رات شکایات ، جرائم اور دیگر خدشات کی اطلاع دینے کے□ئے بغیر کسی رکاوٹ اورموثر تجربہ فراہم کرنا ہے تاکہ شکایات کے تئیں فوری توجہ اور حل کو یقینی بنایا جاسکے۔

شہری اپنی شکایات پو□یس سنوئی ویب سائٹ policesunwayi.jk.gov.in پر درج کر سکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ